## ایم کیوایم کوسیاسی طور پرتنہا کرنے کی گھناؤنی کوششیں کرنے والے آج خودتنہا ہوچکے ہیں۔الطاف حسین

### کراچی میں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو

### سیکٹرزکمیٹیوں کے ارکان سیاسی حالات وواقعات پرنظر رکھیں،اپنے اتحادکو مضبوط بنائیں اور تنظیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں

لندن۔۔۔3 ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے کہ ایم کیوایم کو سیاسی طور پر تنہا کرنے کی گھناؤنی کوششیں کرنے والے آج خودتنہا ہوچکے ہیں۔انہوں نے یہ بات کراچی میں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے لانڈھی،کورنگی،ملیر،شاہ فیصل کالونی،لائنزایریا،گلشن اقبال،فیڈرل بی ایریا،نارتھ ناظم آباد،لیاقت آباد،ناظم آباد،گلبہار،نارتھ کراچی،نیوکراچی اور پاک کالونی سیکٹرز میں علیحدہ علیحدہ فون کر کے سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے گفتگو کی۔جناب الطاف حسین نے سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان سے تنظیمی کارکردگی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر بات چیت کی ۔سیکٹرز کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں مختلف اتار چڑھاؤ آتے رہے ہیں اوراسے ختم کرنے کیلئے مخالف قوتوں کی جانب سے طرح طرح کے ہتھکنڈے اختیار کئے جاتے رہے،اس کے خلاف بدترین ریاستی آپریشن کیا گیا،ایم کیوایم کے ہزاروں بے گناہ کارکنوں کو بیدردی سے شہید کردیا گیالیکن ایم کیوایم کو ختم نہیں کیا جاسکااور آج ایم کیوایم کا پیغام کراچی سے نکل کر ملک کے چاروں صوبوں اورآزاد کشمیر میں بھی پہنچ چکا ہےاور ملک کے محروم ومظلوم عوام ایم کیوایم کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ سال 12 مئی کے واقعہ کے بعدایک بارپھر میڈیا کے ذریعے ایم کیوایم کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ کیا گیا تاکہ اس کا امیج خراب کیا جائے،ایم کیوایم کے خلاف مختلف فسادی گروپ تشکیل دیئے گئے،لندن میں ہونے والی سیاسی جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس میں یہ اعلان کیا گیا کہ ایم کیوایم سے معاہدہ نہیں کیا جائے گا لیکن اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف کی گئی تمام گھناؤنی سازشیں ناکامی سے دوچار ہوئیں اورایم کیوایم کو سیاسی طور پر تنہا کرنے کی کوششیں کرنے والے آج خودتنہا ہوچکے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان سے کہا کہ وہ سیاسی حالات وواقعات پرنظر رکھیں،اپنے اتحادکو مضبوط بنائیں اور تنظیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں۔جناب الطاف حسین نے سیکٹرز کے ارکان کو رمضان المبارک کی مبارکباددی، ثابت قدمی سے تحریکی فرائض انجام دینے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے سیکٹرز کے ارکان سے کہا کہ آپ اپنے یونٹوں کے کارکنوں اورعلاقے کے عوام ماؤں، بہنوں،بزرگوں اوربچوں کو بھی میرا سلام کہیں اور تمام تر مشکلات کے باوجود تحریک کا ساتھ دینے پر انہیں میری طرف سے خراج تحسین پیش کریں۔

## وزیراعظم کے قافلے پرحملہ جمہوریت کو غیرمستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش ہے،الطاف حسین

### ذمہ دارعناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے

### الطاف حسین نے وزیراعظم ہاؤس فون کر کے یوسف رضا گیلانی کی خیریت دریافت کی

لندن۔۔۔3،ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے قافلے پر مسلح حملے اوروزیراعظم کی گاڑی پر گولیاں مارنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراس عمل کو پاکستان میں جمہوریت کو غیرمستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش قراردیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے قافلے پرحملہ کرنا معمولی واقعہ نہیں ہےاور یہ حملہ پاکستان میں جمہوریت کو غیرمستحکم کرنے اور پرامن عوام کو مشتعل کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے منتخب وزیراعظم کے قافلے پرحملہ کرنے والےعناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اورذمہ دارعناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔دریں اثناءایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لندن سے وزیراعظم ہاؤس فون کر کے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اوران کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے بات چیت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی اور فائرنگ کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اورانہیں اپنی خیریت سے آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم امریکہ یونٹ کے رکن گل محمد کی والدہ کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔3،ستمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم امریکہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کی والدہ محترمہ ثمر جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کارکنوں اور ہمدرد ارشد صدیقی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

کراچی۔۔۔3 ستمبر2008ء

مہاجر رابطہ کونسل کے جنرل سیکریٹری اور ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے رکن ارشد صدیقی کو آج دل کا شدید دورہ پڑا ہے۔انہیں ادارہ امراض قلب کراچی کے انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں داخل کردیا گیا ہے۔مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی اور دیگر ذمہ داران نے مقامی اسپتال جاکر ارشد صدیقی کی عیادت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ارشد صدیقی کی علالت پر دلی تشویش کا اظہار کیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ ارشد صدیقی کو صحت وتندرستی عطا کرے اور ان کی عمر درازکرے۔انہوں نے کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ارشد صدیقی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیوایم امریکہ یونٹ کے رکن گل محمد کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔3،ستمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم امریکہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆